21/05/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔۔شیخ انور الحق

PM

وزیر اعظم نریندرمودی اٹلی کا دورہ مکمل کرنے کے بعد پانچ ملکونکے کامیاب دورے کے بعد نئی دلی واپس پہنچ گئے ہیں۔ کل اٹلی کی اپنی ہم منصب Georgia Meloni کے ساتھ بات چیت کے بعد دونوںملکوں نے دو طرفہ رشتوں کو اعلیٰ معیار تک پہنچانے کا عزم دُہرایا ۔ دونوں ملکوں نے زراعت ، معدنیات ، آیور ویدا ، سائنس اور ٹیکنالوجی اور دیگر شعبونمیں اشتراک کوآگے بڑھانے کیلئے مفاہمت نامونپر دستخط کئے ۔

ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے11اپریل کو جموں سے اس ابھیان کی شروعات کی تھی جب سے لیکر آج تک منشیات کے خلاف کافی پیشرفت حاصل کی گئی ہے۔

تعلیمی اداروں کے ساتھ ساتھ مختلف مقامات پر بیدار ی پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے اور لوگوں کو منشیات کے مضر اثرات سے آگاہ کیا جا رہا ہے۔

منشیات سے متعلق ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

بڈگام

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان کی صدارت میں کل ضلع سطح کی نار کو کارڈی نیشن کمیٹی کی 47ویںمیٹنگ منعقد ہوئی۔ اس دوران ضلع میں جاری نشہ مکت بھارت ابھیان کی حصولیابی اور مختلف پروگرامونکی عمل آوری کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ ترقیاتی کمشنر نے کہا کہ انتظامیہ منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اختیار کرنے کی وعدہ بند ہے۔

نائب وزیر اعلی

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کل اوڑی میں کمان پوسٹ کا دورہ کرکے وہاں دستیاب سہولیات کے ساتھ ساتھ اس سرحدی علاقے میں سیاحتی وسائل کا بھی جائزہ لیا۔ اس دوران انہوںنے فوج کے سینئر افسرونکے ساتھ بات کی اور کمان لرننگ سینٹر ،لائبریری اور آڈیٹوریم سہولیات کا معائنہ کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ علاقے میں سیاحتی سرگرمیوں کو بڑھاوا دینے کیلئے تمام تراقدامات کئے جائیں گے۔

سکینہ

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل اننت ناگ میں اننت ناگ اور کولگام سے تعلق رکھنے والے کئی عوامی وفود کے ساتھ ملاقات کی اور ان کے مسائل کے بار ے میں جانکاری حاصل کی ۔ اس موقعے پر ارکان اسمبلی الطاف احمد کلو، عبدالمجید لارمی، ریاض احمد خان اور مختلف محکموں کے کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کمیونکیشن نئی دلی نے تعلیمی سال2026-27کےلئے اُر دو صحافت میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما کورس کےلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

IIMCنئی دلی کی وائس چانسلرDr. Pragya Paliwal Gaur نے کہا ہے کہ اس کورس میں30نشستوں کےلئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ26مئی ہے اور امتحان یکم جون کو لیا جائے گا۔

گاندربل

گاندربل کے ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں ریونیو ریکارڈ کی ڈیجٹائزیشن کے کام کی معیاد بند مدت کے اندر ڈیجٹائزیشن کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ، تاکہ Mutations کا جائزہ لیا۔ انہوںنے رہ گئے لوگونکوکسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

سرینگر

سرینگر ضلع کے ترقیاتی کمشنر اکشے لابر و نے آنچار صورہ میں ایک بلاک دیوس کا انعقاد کیا۔ جس مینکافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور اپنے اپنے انفرادی اور اجتماعی مسائل انتظامیہ کی نوٹس مینلائے ۔ ترقیاتی کمشنر نے انہیں یہ مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا یقین دلایا ۔ اکشے لابرو نے شہر خاص کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں لوگوں کیلئے دستیاب بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔

لواسہ

لواسہ نے کل سرکٹ ہاؤس سرینگر میں تعمیر کی جا رہی نئے اضافی اقامتی Avny خاطر تواضع کی محکمے کی سیکریٹری اور 6گیسٹ Suits 12 سہولیات کا معائینہ کیا۔ انہیں بتایا گیا کہ یہ پروجیکٹ اگلے مہینے تک مکمل کیا جائے گا اور اس میں رومز موجود ہوں گے جو ہر طرح کی جدید سہولیات سے لیس ہوں گے۔

LCMA

جموں کشمیر لیک کنزرویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی کے وائس چیرمین خورشید احمد شاہ نے کل تیلبل ، بٹہ پورہ ، حبک شان پورہ اور مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں جھیل ڈل مینآرہے ندی نالوں کا معائینہ کرنے کے ساتھ ساتھ اتھارٹی کی طرف کے اثاثوں کو تحفظ دینے LCMA سے حاصل کی گئی اراضی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوںنے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کیلئے ہر ممکن اقدامات کریں ۔

اعجاز اسد

نریگا ایکٹ MG دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری اعجاز اسد نے کل سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران ، پردھان منتری آواس یوجنا گرامین اور دیگر کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انہوںنے کہاکہ دردست لئے گئے تمام کاموں کی عمل آوری میں تیزی لائی جانی چاہئے ۔

بانڈی پورہ

ٹیم کے ساتھ میٹنگ کے دوران بلاک بنکوٹ JKRLM بانڈی پورہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر اندو کنول چب نے بانڈی پورہ میں قائم کرنے سے متعلق منصوبے کا جائزہ لیا۔ ترقیاتی کمشنر نے بانڈی پورہ -گریز Haat میں پیٹھ کوٹ کے مقام پر ایک ررول کی اہمیت کو اجا گرکرتے ہوئے کہاکہ اس کی بدولت علاقے کے لوگوں کو مختلف Haatروٹ پر قائم کئے جا رہے رول سہولیات دستیاب ہوں گی۔

کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ سری کانت سوسے نے باتر گام گلگام میں منعقدہ ایک بڑے بلاک دیوس میں لوگوں کو در پیش مسائل اور ان کی ترقیاتی ضروریات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ اس موقعے پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں نے اپنے اپنے مسائل اُجا گر کئے ۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ